پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ آج

گروپ چیف ایگزیکٹو نگہت شاہین

پشاور — پاکستان

بانی عبدالواحد یوسفی

جلد 33 | بدھ 2 ربیع الاول 1444ھ 28 ستمبر 2022ء 14 اسوج، جنتری 20 | شمارہ 259

کمشنریٹ آف مائینز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا

درخواستیں مطلوب ہیں

برائے سال 23-2022

کان کن مزدوروں کے بچوں کیلئے قیمتی پتھروں کی جانچ اور خراش تراش کے مفت ڈپلومہ کورسز

کمشنریٹ آف مائینز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا کو صوبہ بھر کے کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کے ان بچوں کیلئے جو میٹرک پاس ہیں اور موجود کسی بھی تعلیمی ادارے میں زیر تعلیم نہیں ہیں ایسے تمام کان کن مزدوروں کے بچوں کیلئے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی پشاور میں قیمتی پتھروں کی جانچ اور خراش تراش کے مفت ڈپلومہ کورسز کا اہتمام کیا ہے۔ لہٰذا کان کن مزدوروں کے خواہشمند بچے مذکورہ سکیم سے مستفید ہونے کے لئے نیچے دیئے گئے کورسز کے لئے محکمہ ہذا کی ویب سائٹ (www.cmlw.gkp.pk) پر آن لائن درخواستیں مورخہ 30-10-2022 تک دے سکتے ہیں۔ کان کنی کے دوران حادثات کے شکار معذور، پیشہ ور بیماریوں کے شکار اور دوران کام حادثے کا شکار ہو کر وفات پانے والے کان کن مزدوروں کے بچے بھی سکیم کیلئے اہل ہیں۔

1۔ قیمتی پتھروں کی جانچ کا ڈپلومہ (Gems and Gemology Diploma)

2۔ قیمتی پتھروں کی خراش تراش کا ڈپلومہ کورس (Lapidary Diploma)

ہدایات: 1۔ کان کن مزدور محکمہ ہذا کی ویب سائٹ (www.cmlw.gkp.pk) پر اپنے کوائف کا اندراج کرنے کے بعد دیئے گئے مطلوبہ دو کورسز میں کسی ایک کا انتخاب کر کے فارم پر اپنے بچے کے تعلیمی اور دیگر کوائف درج کریں۔ 2۔ اندراج کے بعد رجسٹریشن فارم اور درخواست فارم کا پرنٹ نکالیں اور فارم پر موجود متعلقہ لیز ہولڈر سے دستخط اور مہر لگوائیں۔ 3۔ مطلوبہ فارم کے ساتھ کان کن مزدور کے شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی، شیڈول اے اور تصدیقی سرٹیفکیٹ جو کہ متعلقہ لیز ہولڈر کا دستخط اور مہر شدہ ہو لازمی منسلک کریں۔ 4۔ فارم کے ساتھ طالب علم کا "فارم ب" یا شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی، میٹرک کلاس کی سرٹیفکیٹ اور حاصل کردہ نمبر کی تصدیق شدہ ڈی ایم سی (DMC) کی کاپی لازمی منسلک کریں۔ نیز مزید تعلیمی اسناد اگر موجود ہوں وہ بھی لازمی منسلک کریں۔

شرائط و ضوابط: 1۔ سکیم سے مستفید ہونے کیلئے عمر کی بالائی حد پینتیس (35) سال ہے۔ 2۔ درخواست فارم کے ساتھ درج مطلوبہ دستاویزات لازمی منسلک کرنا ہونگے۔ 3۔ مطلوبہ دستاویزات کی عدم فراہمی اور موجودہ سکیم کیلئے ایک سے زائد درخواست کی صورت میں درخواست فارم مسترد کئے جائیں گے۔ 4۔ اگر درخواست فارم میں دی گئی معلومات غلط پائی گئیں تو درخواست گزار کے والد (مائن لیبر) سے اس کے بچے پر خرچ شدہ رقم کا دگنا وصول کیا جائیگا۔ 5۔ مذکورہ کورسز/ڈپلومہ کے خواہشمند امیدواروں کیلئے طریقہ کار کے مطابق آن لائن اندراج لازمی ہے آن لائن کوائف درج نہ ہونے کی صورت میں درخواست فارم مسترد کی جائے گی۔ 6۔ کان کن، خیبر پختونخوا ایکسائز ڈیوٹی آن منرلز (لیبر ویلفیئر) ایکٹ 2021ء کے تحت دی گئی مزدور کی تعریف پر پورا اترتا ہو۔ 7۔ کان کن مزدور صرف ایک بچے کیلئے مذکورہ کورس/ڈپلومہ میں درج شدہ طریقہ کار کے مطابق درخواست دے سکتا ہے۔ 8۔ وہ امیدوار جو میٹرک پاس نہ ہوں یا کسی اور ادارے میں موجودہ سیشن کیلئے زیر تعلیم ہوں درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔ 9۔ سکیم کیلئے مختص شدہ تعداد سے زیادہ درخواستیں موصول ہونے کی صورت میں میرٹ پر زیادہ تعلیمی قابلیت کے حامل امیدواروں کو ترجیح دی جائیگی۔ 10۔ درخواستیں متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر مائینز لیبر ویلفیئر کے دفاتر میں مقررہ تاریخ تک جمع کرنا ہونگے۔

نوٹ: آن لائن درخواست جمع کرنے میں مشکلات کی صورت میں یا مزید معلومات کیلئے درج ذیل دفاتر سے دفتری اوقات کار کے دوران بلا جھجک رابطہ کریں۔

دفتر اسسٹنٹ کمشنر مائینز لیبر ویلفیئر کمشنریٹ آف مائینز خیبر پختونخوا نزد جوڈیشل کمپلیکس خیبر روڈ پشاور۔
فون نمبر 091-9211723

دفتر اسسٹنٹ کمشنر مائینز لیبر ویلفیئر کمشنریٹ آف مائینز ریجنل آفس بالمقابل کرک جیل نزد جیل چوک کے۔ ڈی۔ اے روڈ کرک۔ فون نمبر: 0927-291077

دفتر اسسٹنٹ کمشنر مائینز لیبر ویلفیئر کمشنریٹ آف مائینز ریجنل آفس نزد سبزی منڈی مینگورہ سوات۔
فون نمبر: 0946-811602

دفتر اسسٹنٹ کمشنر مائینز لیبر ویلفیئر کمشنریٹ آف مائینز ریجنل آفس شاہ زمان ٹاؤن نزد خان خیل پلازہ جنگی ایبٹ آباد۔ فون نمبر: 0992-408176

کمشنر مائینز لیبر ویلفیئر خیبر پختونخوا نزد جوڈیشل کمپلیکس خیبر روڈ پشاور
فون: 091-9211723

INF(P) 5652 / 22